8ویں بھارت - ڈنمارک دفتر خارجہ مشاورت (نومبر 17، 2025)

17 نومبر 2025

بھارت۔ڈنمارک دفتر خارجہ کے مشاورتی اجلاس (FOCs) کے 8 ویں دور کا انعقاد مورخہ 17 نومبر، 2025 کو نئی دہلی میں ہوا۔ بھارتی وفد کی قیادت وزارتِ خارجہ کے سکریٹری (مغرب) جناب سیبی جارج نے کی، جبکہ ڈنمارک کی جانب سے مملکتِ ڈنمارک کی وزارتِ خارجہ میں اسٹیٹ سکریٹری برائے خارجہ پالیسی محترمہ لوٹے ماخون نے وفد کی قیادت کی۔

2. ایف او سی میں دو طرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے اور ان پر تبادلۂ خیال کرنے کا موقع فراہم ہوا۔ دونوں فریقوں نے بھارت۔ڈنمارک گرین اسٹریٹجک شراکت داری کے تحت جاری تعاون پر طمانیت کا اظہار کیا۔

3. دونوں فریقوں نے سیاسی روابط، تجارت و سرمایہ کاری، قابلِ تجدید توانائی، پائیداری، کلین ٹیکنالوجیز، سرکلر اکانومی، جہازرانی، پانی، زراعت و مویشی پروری، فوڈ پروسیسنگ، تحقیق و ترقی اور نقل و حرکت کے شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ انہوں نے دوطرفہ معاہدۂ ہجرت و نقل و حرکت کے تحت ہنرمند افراد کی آسان نقل و حرکت سے متعلق جاری بات چیت کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے دفاع و سلامتی، نئی اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز، اور آرکٹک کے شعبوں میں تعاون کے مزید مواقع تلاش کرنے پر بھی اتفاق کیا۔ ڈنمارک فریق نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بھارت کی حمایت کا اعادہ کیا۔

4. دونوں فریقوں نے یورپی یونین کی کونسل کی موجودہ صدارت کے دوران بھارت۔یورپی یونین اسٹریٹجک شراکت داری کے فریم ورک کے تحت تعاون کو فروغ دینے کے اپنے عزم کی تصدیق کی۔ ڈنمارک فریق نے ایک بلندپرواز اور باہمی مفاد پر مبنی بھارت۔یورپی یونین آزاد تجارتی معاہدے کے جلد از جلد اختتام کی حمایت کا اعادہ کیا۔ اقوامِ متحدہ اور آرکٹک میں تعاون سمیت کثیرالجہتی معاونت پر بھی بات چیت کی گئی۔ مملکتِ ڈنمارک 2025-2026 کے دوران اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کا غیر مستقل رکن ہے اور آرکٹک کونسل کی صدارت بھی کر رہا ہے۔ "ڈنمارک نے ایک اصلاح شدہ اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل میں بھارت کی مستقل رکنیت کی حمایت کا اعادہ کیا۔

5. دونوں فریقوں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی مسائل پر بھی اپنے نقطۂ نظر کا تبادلہ کیا۔ انہوں نے کثیرالجہتی روابط اور عالمی چیلنجز پر مسلسل مذاکرے کی اہمیت پر زور دیا۔

6. دونوں فریقوں نے باقاعدہ مشاورت جاری رکھنے اور اگلے دور کی فارن آفس مشاورتی نشست کو کوپن ہیگن میں باہمی طور پر موزوں تاریخ پر منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی
17 نومبر 2025